© rasailojaraid.com

مصنف اردو فارسی عربی اور بلوچی چاروں زبانوں کے قادرالکلام شاعر ہیں۔۱۹۹۴ء میں آپ کا مجموعہ کلام بلکہ دیوان اشاعت کے مراحل میں تھا کہ سارا کا سارا چوری ہوگیا۔ اس کے بعد جو نظمیں اور اشعار موزون ہوئے وہ جناب شبیر صادق صاحب آسیا آبادی نے جمع کیے اور مرتب کر کے یہ گلدستہ اہل ذوق کے لئے تیار کیا ہے' امید ہے کہ اہل ذوق اور شعر و شاعری کے شائقین اس سے بہرہ ور ہوں گے۔ ابتداء میں اگر شاعر کا پورا تعارف اور ٹائیٹل پر مکمل نام اور اسم گرامی آتا تو اس سے قارئین کو الجھن نہ ہوتی۔

---

رسالہ: سہ ماہی البشریٰ۔ زیر سرپرستی: مولانا قاری محمد عمر علی صاحب

قیمت فی شمارہ: ۲۰ روپے سالانہ: ۸۰ روپے

مقام اشاعت: جامعہ تحسین القرآن خالق آباد نوشہرہ

زیر تبصرہ رسالہ استاذ محترم حضرت مولانا قاری محمد عمر علی صاحب کی نگرانی اور ادارت میں مدرسہ تحسین القرآن حکیم آباد نوشہرہ سے ''سہ ماہی'' جاری کیا گیا ہے اب تک اس کے تین پرچے شائع ہوئے ہیں۔ اصلاحی مضامین و مقالات اور دعوتی و تبلیغی انداز میں موثر تحریرات کے علاوہ اس میں جامعہ کے طلبہ و طالبات کی قابل رشک تعلیمی اور اصلاحی سرگرمیاں ان کے متعلق کارگزاریاں اور ان کی رپورٹیں اس میں شامل ہیں اور انتہائی مختصر مدت میں اللہ تعالیٰ نے اس کو ایسی مقبولیت بخشی کہ پہلا پرچہ چند دنوں میں ختم ہوا۔ اور پھر اس کا دوسرا ایڈیشن نکالا گیا' یہ سب حضرت قاری صاحب مدظلہ کی شبانہ روز محنت اور اخلاص وللّٰہیت کا ثمر ہے۔

حضرت قاری صاحب کو اللہ تعالیٰ نے کئی بہترین خصوصیات سے نوازا ہے' اور آپ جو کام بھی کرتے ہیں نہایت عمدگی اور حسن تدبیر سے کرتے ہیں' اسی طرح نظم و نسق کے اعتبار سے آپ ایک مثالی نگران ہیں۔ آپ اپنا ایک اچھا مدرسہ بھی چلا رہے ہیں۔ جہاں طلباء کو دعوت و تبلیغ کا کام بھی سکھلایا جاتا ہے۔ زیر نظر شمارہ میں بھی دعوت اصلاح کا رنگ زیادہ غالب ہے' اور موجودہ حالات میں اس قسم کے دعوتِ اسلامی اور تعمیر اخلاق پر مبنی لٹریچر کی بڑی اہم ضرورت ہے۔ حضرت قاری صاحبؒ نے اسی ضرورت کے پیش نظر کہ طلبہ اور اس جامعہ کے منسلک سینکڑوں طالبات کی روحانی پرورش بطریق احسن ادا ہو۔ سہ ماہی البشریٰ کے اجراء کا فیصلہ کیا' جو کہ انتہائی مفید اور بروقت اقدام ہے' رسالہ میں ہر قسم کی استعداد کے افراد کے لئے سامان اصلاح و تربیت موجود ہے' ہماری دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ حضرت استاذ محترم کی کاوشوں کو قبول فرمائے۔ اور اس بہترین رسالے کو عوام و خواص کے لئے نافع و سودمند بنائے۔ امین

---

© rasailojaraid.com